© rasailojaraid.com

اور توازن کے سانچے میں ڈھلا ہوا خوبصورت محققانہ جواب ہے۔ کتاب اگرچہ مختصر ہے لیکن مولانا رحیم آبادی نے صاحب سیرۃ النعمان پر علمی گرفتیں اس قدر مضبوط کی ہیں کہ علامہ شبلی کو بھی اس کا اعتراف کرنا پڑا تھا۔ اور انہوں نے سیرت النعمان کے اگلے ایڈیشن سے بعض چیزیں حذف کر دی تھیں جن کی نشاندہی مولانا رحیم آبادی نے کی تھی۔ بہر حال ''حسن البیان'' ایک علمی وتحقیقی کتاب ہے۔ اس میں قاری کو حدیث، اصول حدیث، سیرت محدثین، علم حدیث اور ائمہ حدیث سے متعلق عمدہ مباحث پڑھنے کو ملتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس کتاب میں حدیث وفقہ کو ہم پلہ قرار دینے میں علامہ شبلی کی غلط بیانی اور امام ابوحنیفہؒ کی مدح میں مبالغہ آرائی اور محدثین کی تنقیص پر بھی لائق مصنف نے دھڑلے سے بات کی ہے اور دلائل پیش کر کے شبلی صاحب کی غلط بیانی کا پردہ چاک کر دیا ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے بہت عمدہ ہے۔ حسن البیان پہلی مرتبہ 1311ھ میں شائع ہوئی تھی اس کے بعد بھی چھپی۔ اب ایک عرصے سے نایاب تھی۔ اللہ جزائے خیر دے مولانا محمد اقبال صاحب کو کہ انہوں نے اس کتاب کی اہمیت اور افادیت کو دیکھتے ہوئے اس کتاب کا عکس شائع کر دیا ہے۔ کتاب کی طباعت، کتابت اور کاغذ اچھا ہے اور ٹائٹل بھی خوبصورت ہے ٹائٹل پر مولانا رحیم آبادی کے نام کے ساتھ علوی کا لاحقہ شائد غلطی سے لکھا گیا ہے اس کی درستی ضروری ہے۔ امید ہے کہ النور اکیڈمی سرگودھا کی یہ پیشکش علمی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔

## قرآنی دعائیں اور ان کی تاثیر

مرتبہ: پروفیسر حبیب الرحمٰن خلیق

مولانا حبیب الرحمٰن خلیق صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، صاحب علم، عالم دین ہیں۔ عرصہ دراز سے درس وتدریس میں مصروف ہیں۔ جامعہ سلفیہ میں بھی تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں آج کل کلیہ دار القرآن والحدیث جناح کالونی فیصل آباد میں پڑھا رہے ہیں۔ مولانا موصوف تصنیف وتالیف کا بھی عمدہ ذوق رکھتے ہیں اور عربی سے اردو ترجمہ کرنے میں بھی ان کو مہارت تامہ حاصل ہے۔ پیش نگاہ کتاب میں انہوں نے قرآنی دعاؤں کو جمع کیا ہے اور پھر ان کی تاثیر بیان کی ہے۔ مختلف قرآنی سورتوں کے فضائل بھی بیان کیئے گئے ہیں۔ مولانا خلیق صاحب نے یہ کام بڑی محنت سے کیا ہے اور صحیح احادیث کی روشنی میں قرآنی دعاؤں کے فضائل ومناقب بیان کرنے کی سعی کی ہے۔ تمام مسلمان بھائی بہنیں، بچے، بوڑھے اس کتاب میں شامل دعائیں یاد کر کے حظ وافر اٹھا سکتے ہیں۔ 112 صفحات کی پاکٹ سائز یہ کتاب حاجی غلام رسول، بلال فیبرکس بیورو P-158 عمران روڈ، خیابان کالونی نمبر 2 فیصل آباد سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

## حدیث کی نشرواشاعت میں علمائے اہلحدیث کی خدمات

مرتب: عبدالرشید عراقی

صفحات: 159 قیمت: ..........

تبصرہ نگار: عابد محمود قدوسی

ناشر: مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

کتاب وسنت ہی دراصل محور اسلام اور منبع رشد وہدایت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اصحاب الحدیث نے نہ صرف انہی کو مشعل راہ بنایا بلکہ بفضل الٰہی انکی حفاظت اور نشرواشاعت میں ایسی گرانقدر خدمات سرانجام دیں کہ جن کی مثال تک تاریخ عالم میں نہیں ملتی۔ جس کا اعتراف خود اغیار بھی کرنے پر مجبور ہیں۔

برصغیر کی تاریخ پر ہی اگر ہم نگاہ دوڑائیں تو ''قافلہ حدیث' میں شامل ان نفوس قدسیہ کی ایک طویل فہرست ہماری نظر کے آگے گھوم جاتی ہے۔ جن میں ہر ایک اپنی سعی وکوشش اور خدمات کی بنا پر ''میر کارواں'' معلوم ہوتا ہے۔

پیش نظر کتاب میں انہی برگزیدہ ہستیوں کا مجمل سا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ جنہوں نے برصغیر پاک وہند میں ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے جو کہ تاریخ کا زریں باب ہیں۔

کتاب پیش لفظ، مقدمہ اور چار ابواب پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں اول شریعت میں حدیث وسنت کے مقام کی وضاحت اور برصغیر میں علم حدیث پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اسکے بعد باب اول میں علمائے اہلحدیث کی تدریسی خدمات جبکہ باب دوم میں علمائے اہلحدیث کی تصنیفی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب سوم دفاع حدیث، تائید حدیث اور انکار حدیث کے جواب میں علمائے اہلحدیث کی



© rasailojaraid.com